

# کاربن مونو آکسائیڈ یا CO

یہ ایک زہریلی گیس ہے۔ جو بے رنگ اور بے بو ہے۔ اگر سانس کے ذریعے اندر چلی جائے تو سنگین نتائج کا باعث بن سکتی ہے۔ یہاں تک کہ موت بھی واقع ہو سکتی ہے۔ اس مہلک گیس کی پہلی علامات سر درد، متلی، الٹی، تھکاوٹ اور الجھن ہیں۔

## CO کہاں پائی جاتی ہے؟

اس دھوئیں میں پائی جاتی ہے، جو کہ انگیٹھی، چولہا، ہیٹر، بوائلر، آتش دان میں لکڑی، کوئلہ یا گیس جلانے سے پیدا ہوتی ہے۔ اور گیس سے چلنے والی گاڑیوں کے دھوئیں سے پیدا ہوتی ہے۔ یہ گیس جہاں پر پیدا ہو اگر وہاں پر ہوا کی آمد ورفت مناسب نہ ہو تو یہ گیس خطرناک ہو سکتی ہے۔ جیسے بند ماحول میں مثلاً رہائشی بند کمرا، گیراج یا تہہ خانہ ہو۔

## ممنوع:

گھر کے اندر انگیٹھی، کوئلے والا چولہا، باربی کیو، وائر ہیٹر، یا گیس کا چولہا بغیر بیرونی (Exhuast) کے ہو۔ (وہ راستہ جس سے بھاپ بہتر خارج ہوتی ہے) یہ سب ممنوع ہیں۔

گھر کو گرم کرنے کے لئے انگیٹھی یا گیس کا چولہا بالکل بھی استعمال نہ کریں۔

گاڑی کو کبھی بھی مکمل طور پر بند جگہ یا جہاں پر کچھ حصہ بند ہو۔ اس جگہ پر گاڑی کا انجن چلتا ہوا (اسٹارٹ) مت چھوڑیں۔

### مشورہ:

کم از کم سال میں ایک مرتبہ بوائر یا گھر گرم کرنے کا ہیٹر۔ چولہا کھلی چمنی اور دھوئیں والے تمام پائپ کی صفائی کرنا لازمی ہے۔ ان تمام چیزوں کی صفائی اور مرمت صحیح ہنرمند سے کروائی جائے۔ اگر CO گیس کسی کو چڑھ جائے۔ اور اگر اس کو سر درد، متلی، الٹی، تھکاوٹ اور الجھن محسوس ہو تو فوراً 118 کو اطلاع کریں۔

Sistema Socio Sanitario

Regione Lombardia

ATS Brescia